پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

یوم آزادی : جنرل ہسپتال میں شاندار تقریب، پرچم کشائی اورخصوصی کیک کاٹا گیا
وطن عزیز کو با وقار ملکوں کی صف میں لانے کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرینگے :الفرید ظفر
نوجوان نسل کو چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے سائنس وٹیکنالوجی و جدید علوم پر توجہ دینا ہوگی
انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام کو بھارتی جبرو استبداد سے یقینی طور پر آزادی ملے گی
آنے والا وقت پاکستان کے روشن مستقبل کا آئینہ دار ہوگا:پرنسپل پی جی ایم آئی
تقریب میں ایم ایس، پروفیسرز، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس کی بھرپور شرکت، مریضوں میں مٹھائی تقسیم

لاہور14اگست:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ یوم پاکستان اورجشن آزادی محض ایک تقریب کا نام نہیں بلکہ اس بات کی تجدید عہد کا دن ہے کہ پوری قوم یک زبان اور متحد ہوکر اپنی تمام ترتوانائیاں، ایمانداری، محنت اور بانی پاکستان کے اصولوں کے مطابق ملک کی ترقی وخوشحالی اوروطن عزیز کو باوقار ملکوں کی صف میں لانے کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے 14اگست کو جنرل ہسپتال کے سبزہ زار میں پرچم کشائی اور کیک کاٹنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔پروفیسر صاحبان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمود صلاح الدین، ڈائریکٹر ایمرجنسی ڈاکٹر رانا محمد شفیق سمیت، صدر پنجاب پیرامیڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن رانا پرویز، ڈاکٹرز، نرسز اورپیرامیڈیکل سٹاف کثیر تعداد میں شریک تھے جبکہ مریضوں کے لواحقین نے بھی سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے اور ہسپتال کے درو دیوار قومی نعروں سے گونج اٹھے۔تقریب سے ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر محمود صلاح الدین نے بھی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس جشن آزادی پر کشمیر کے بھائیوں کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اللہ پاک انہیں بھی آزادی کی نعمت سے مالا مال کرے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ نوجوان نسل کو دور جدید کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے سائنس وٹیکنالوجی اورجدید علوم کے حصول پر خصوصی توجہ دینا ہوگی تا کہ دنیا بھر میں مسابقت کی دوڑ میں پاکستانی قوم ترقی یافتہ اقوام کے ہم قدم ہوسکیں۔پرنسپل پی جی ایم آئی نے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس سے بھی کہا کہ وہ آج کے دن دکھی انسانیت کی خدمت کے عہد کا اعادہ کریں تا کہ عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات میسر آسکیں اور صحت مند معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ آج کے دن پاکستانی قوم مقبوضہ کشمیر کے عوام کی جدوجہد کو بھی سلام پیش کرتی ہے اور بھارت کے غاصبانہ قبضے اور ظلم وبربریت کی بھرپور مذمت کرتی ہے انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام کو بھارتی جبرواستبداد سے یقینی طور پر آزادی ملے گی۔تقریب کے اختتام پر ملک وقوم اور کشمیری بھائیوں کے لئے خصوصی دعائیں مانگیں گئیں، ہسپتال میں مریضوں میں مٹھائی بھی تقسیم کی گئی اوروطن عزیز کی ترقی وخوشحالی کے لئے بھرپور لگن کے ساتھ محنت کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا، ملی نغمے گائے گئے اور قومی جھنڈوں اور سبز ہلالی پرچم لہرائے گئے۔

☆☆☆☆

یوم آزادی: پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کی لاہور جنرل ہسپتال میں کیک کاٹنے کی تقریب میں شرکت

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر لاہور جنرل ہسپتال میں پرچم کشائی کر رہے ہیں